20-03-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 مرکزی سرکار نے مویشیوں سے متعلق شعبے میں ترقی کو فروغ دینے کی خاطر نظرِ ثانی شدہ راشٹریہ Gokulمشن کو منظوری دے دی ہے۔ ڈیری کے فروغ سے متعلق نظرِ ثانی شدہ قومی پروگرام کو بھی منظور کرلیا گیا ہے۔

2- مرکزی وزیرکرن رجیجو نے کہا ہے کہ سرکار نے اقلیتوں سمیت سبھی طبقوں کی سماجی اورمعاشی حالت کو بہتر بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔

3- ریزرو بینک کے ماہانہ جائزے میں کہا گیا ہے کہ عالمی چیلنجوں کے تناظر میں بھارتی معیشت لگاتار فروغ پا رہی ہے۔

4- یوکرین کے صدر زیلینسکی نے روس کے ساتھ لڑائی میں جزوی جنگ بندی سے اتفاق کرلیا ہے۔

5- اسرائیل نے غزہ میں اپنی فوجی کارروائی کا دائرہ بڑھا دیا ہے اور علاقے کے وسطی اور جنوبی حصوں میں زمینی حملے کیے ہیں۔

6 اور :

سوئس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں آج پری کوارٹر فائنلس میں کدامبی سری کانت اور انوپما اُپادھیائے بھارتی چیلنج کی قیادت کریں گے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Cabinet Briefing

حکومت نے مویشی پروری کے شعبے میں ترقی کو مستحکم کرنے کے لئے نظر ثانی شدہ راشٹریہ گوکل مشن کو منظوری دی ہے۔ ایک ہزار کروڑ روپے کے اضافی بجٹ کے ساتھ نظر ثانی شدہ مشن کو نافذ کیا جائے گا۔ مرکزی کابینہ کے فیصلوں کے بعد کل شام نئی دلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ اس اسکیم سے دودھ کی پیداوار میں واضح طورپر اضافہ ہوگا۔ اس طرح کسانوں کی آمدنی بھی بڑھے گی۔

SB Ashwani Vaishnaw

کابینہ نے ڈیری کی ترقی کے لئے نظر ثانی شدہ قومی پروگرام کی بھی منظوری دی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اس کا مقصد ڈیری کے بنیادی ڈھانچے کی توسیع اور جدیدکاری کرنا ہے۔ اس سے ڈیری سیکٹر کی پائیدار ترقی اور پیداواریت کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

مرکزی کابینہ نے بھیم UPI کی چھوٹی رقم کی لین دین کے فروغ کے لئے ایک ترغیباتی اسکیم کی بھی منظوری دی ہے۔ جناب اشونی ویشنَو نے کہا کہ یہ اسکیم چھوٹے کاروباریوں کو مزید کسی اضافی جارچ کے UPI کی خدمات حاصل کرنے میں مدد فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت چھوٹے کارباریوں کو دوہزار روپے تک کے لین دین کیلئے فی لین دین صفر اعشاریہ ایک پانچ فیصد کی شرح سے ترغیبات دی جائیں گی۔

SB Ashwani Vaishnaw

جناب ویشنو نے کہا کہ سرکار نے ایک نئے Brownfield Ammonia Urea کامپلیکس فرٹیلائزر پلانٹ قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

یہ پلانٹ آسام کے Namrup میں واقع برہمپُتر ویلی فرٹیلائزر کارپوریشن لمیٹڈ کے موجودہ احاطے میں قائم کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ یہ پروجیکٹ ملک میں بالخصوص شمال مشرقی خطے میں یوریا کی مقامی پیداوار کی صلاحیت کو بڑھائے گا اور شمال مشرقی خطے کے علاوہ بہار، مغربی بنگال، مشرقی اترپردیش اور جھارکھنڈ میں یوریا کھاد کی بڑھتی ہوئی مانگ کو بھی پورا کرے گا۔

Rijiju Minority

اقلیتوں کے امور سے متعلق مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ سرکار اقلیتی طبقوں سمیت سبھی برادریوں کی سماجی اور معاشی حالت کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور کوشش کرتی رہی ہے۔ لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں جناب رجیجو نے بتایا کہ اِن

طبقوں کو تعلیمی اعتبار سے بااختیار بنانے کے لیے سرکار پری میٹرک، پوسٹ میٹرک اور Merit Cum Meansپر مبنی اِسکالرشپ نافذ کر رہی ہے۔

وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ روزگار کو یقینی بنانے اور اقتصادی اعتبار سے بااختیار بنانے کی خاطر رعایتی شرحوں پر قرضے فراہم کرنے کے لیے مختلف اسکیمیں بھی چلائی جا رہی ہیں۔ اِن میں پردھان منتری وراثت کا سموَردھن- پی ایم وِکاس اور قومی اقلیتی ترقیاتی اور مالی کارپوریشن کے لیے Equity جیسی اسکیمیں شامل ہیں۔x

RBI

ریزرو بینک کے مارچ مہینے کے ماہانہ بلیٹن میں کہا گیا ہے کہ عالمی چیلنجوں کے باوجود بھارتی معیشت لگاتار فروغ پا رہی ہے۔ مذکورہ بلیٹن میں ”معیشت کی صورتحال“ کے عنوان سے ایک مضمون میں کہا گیا ہے کہ عالمی معیشت، بڑھتی ہوئی تجارتی کشیدگی، دنیا بھر میں غیر یقینی کے حالات میں شدت اور محصولات میں اضافے کے دور سے گزر رہی ہے۔

البتہ مضمون میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان چیلنجوں کے باوجود بھارتی معیشت میں بہتری دیکھنے میں آئی ہے اور زرعی شعبے کی مستحکم کارکردگی اور بڑھتی ہوئی کھپت سے اس کی عکاسی ہوتی ہے۔

مذکورہ مضمون کے مطابق اِن چیلنجوں کا سامنا کرنے میں بھارت کی میکرو اقتصادی قوت کو افراطِ زر کی شرح کم ہونے سے تقویت ملی ہے۔ یہ شرح گذشتہ مہینے کم ہوکر تین اعشاریہ چھ فیصد ہوگئی جو پچھلے سات مہینے میں سب سے کم ہے۔ غذائی اشیا کی قیمتوں میں مزید سدھار آنے سے ایسا ہوا ہے۔

Prez Udyam Utsav

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج راشٹرپتی بھون کے امرت ادیّان میں ادیّم اتسو میں شرکت کریں گی۔ اِس پروگرام کا انعقاد، بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں MSMEs کی وزارت کر رہی ہے۔ اس کا مقصد ملک کے درخشاں اور مالا مال ورثے کو شہریوں کے قریب لاکر MSMEs کو با اختیار بنانا اور اُس کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ یہ پروگرام، اِس مہینے کی 30 تاریخ کو اختتام پذیر ہوگا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...........

VC- Bhanu

اُدّیم اتسو میں سات پویلین ہوں گے جن میں دستکاری سے لے کر زرعی پیداور تک مختلف اشیا کی نمائش کی جائے گی۔ پویلین میں گرین ایم ایس ایم ای ٹیکنالوجیز، خواتین کاروباری، پی ایم وشوکرما اور قبائلی صنعت کار، کھادی اور گاؤں کی صنعتوں اور ایم ایس ایم ای کاروبار  میں اہم رول ادا کرنے سے متعلق پویلین شامل ہوں گے، ان میں مختلف تجارتی اشیاء اور مٹی کے برتنوں کی نمائش کی جائے گی۔ اِس کے علاوہ تقریب کے دوران ہنر سنگیت، نکڑ ناٹک، ساڑی پہننے کے سیشنز اور راجستھانی  Puppet بنانے جیسی سرگرمیاں اہم جھلکیاں ہوں گی۔ ادیّم اتسو عوام کے لیے روزانہ صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک کھلا رہے گا۔

بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے  میں شمیم عرفان

Gadkari Expo

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ گرین پاور ملک کی مجموعی توانائی کی 42 فیصد سے زیادہ ہے۔ نئی دلی میں 32 ویں Convergence انڈیا ایکسپو، اسمارٹ موبلٹی انڈیا ایکسپو اور 10ویں اسمارٹ Cities انڈیا 2025 سے خطاب کرتے ہوئے جناب گڈکری نے زور دے کر کہا کہ سرکار متبادل ایندھن اور بائیو ایندھن کو خصوصی ترجیح دے رہی ہے۔

سفر میں لگنے والے وقت کو کم کرنے کے مقصد سے بنیادی ڈھانچے کے مختلف پروجیکٹوں کو اجاگر کرتے ہوئے  وزیر موصوف نے اعلان کیا کہ دلی اور دہرہ دون، دلی اور جے پور کے ساتھ ساتھ چنئی اور بینگلور کے درمیان دوری  کم ہوکر محض دو گھنٹے کی رہ جائے گی۔

جناب گڈکری نے مزید کہا کہ دلی اور ممبئی کے درمیان سفر میں لگنے والا وقت بھی کم ہوکر 12 گھنٹے رہ جائے گا۔

Byte: Gadkari

Bihar Istab WOrld CUp

بہار میں بین الاقوامی  Sepak Takraw فیڈریشن   عالمی کپ 2025 آج پٹنہ میں شروع ہوگا۔ بھارت، ملیشیا، تھائی لینڈ، جاپان، برازیل، امریکہ، ایران، اٹلی، پولینڈ، سوئٹزرلینڈ اور سنگاپور سمیت 20 ٹیمیں اس میں حصہ لے رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ نتیش کمار آج شام اس کا افتتاح کریں گے۔یہ ٹورنامنٹ 25 مارچ تک جاری رہے گا۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے بہار اسٹیٹ اسپورٹس اتھارٹی کے ڈائرکٹر جنرل رویندرن شنکرن نے کہاکہ بہار پہلی مرتبہ Sepak Takraw عالمی کپ کی میزبانی کررہا ہے۔ اس میں پاٹلی پتر اسپورٹس کمپلیکس انڈوراسٹیڈیم میں کُل 150 میچز کھیلے جائیں گے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Suriname MEA

بھارت نے Suriname کے ساتھ اپنی ترقیاتی ساجھیداری کے تحت دس لاکھ ڈالر مالیت کی مشینری بھیجی ہے۔ اِس کا مقصد وہاں کی پھلوں کی صنعت کے فروغ میں مدد کرنا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ مذکورہ پہل سے بھارت اور Suriname کی ساجھیداری کو تقویت ملے گی۔x

US Ukraine

امریکہ نے کہا ہے کہ یوکرین کے صدر وولودی میر زیلینسکی نے روس کے خلاف لڑائی میں جزوی جنگ بندی سے اتفاق کرلیا ہے۔امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادی میر پُتن نے اِس معاملے پر بات چیت کی تھی۔

وہائٹ ہاؤس نے کَل رات بتایا کہ صدر ٹرمپ نے جناب پُتن کے ساتھ اپنی گفتگو کے بارے میں فون پر جناب زیلینسکی کو جانکاری دی۔ اِس موقع پر مختلف اہم معاملات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ بعد میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وہائٹ ہاؤس کی ترجمان Karoline Leavitt نے اس بات کی تصدیق کی کہ دونوں رہنما جزوی جنگ بندی پر رضامند ہوگئے ہیں۔

S/B Karoline Leavitt

اُدھر یوکرین کے صدر زیلینسکی نے ٹرمپ کے ساتھ اپنی گفتگو کو مثبت، بے باک اور بہت ٹھوس قرار دیا ہے۔

آن لائن بریفنگ کے دوران اِظہار خیال کرتے ہوئے زیلیسنکی نے کہا کہ انھوں نے اور ٹرمپ نے روس کے زیرِ قبضہ Zaporizhzhia پاور پلانٹ کی ممکنہ امریکی ملکیت کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔

S/B Zelensky

Israel Gaza Operations

اسرائیل نے غزہ کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں زمینی کارروائی شروع کرکے اپنی فوجی مہم تیز کردی ہے۔ اسرائیل نے یہ فوجی کارروائی اکتوبر2023 میں شروع ہوئی جنگ کے بعد سب سے مہلک فضائی حملوں میں سے ایک حملے کے صرف ایک دن بعد کی ہے۔ اس حملے میں کم سے کم 400 فلسطینی ہلاک ہوگئے۔

اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اس نے غزہ پٹی کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں زمینی کارروائی شروع کی ہے تاکہ سیکورٹی کا دائرہ وسیع کیا جاسکے اور شمالی اور جنوبی غزہ کے درمیان ایک عارضی بفرزون قائم کیا جاسکے۔

مزید تفصیل مغربی ایشیا کے ہمارے نامہ نگار سے

VC- Vinod Kumar

غزہ کی وزارت صحت اپنی ہلاکتوں کی تعداد میں جنگجوؤں اور عام شہریوں میں فرق نہیں کرتی ہے۔ البتہ اسرائیل کا دعویٰ ہے کہ حملوں میں حماس کے فوجی کمانڈروں اور سیاسی عہدیداروں کو نشانہ بنایاگیا۔ اس بات کا قوی امکان ہے کہ عام شہری بڑی تعداد میں مارے گئے ہیں۔ تشدد کے نئے واقعات کے باوجود حماس کا کہنا ہے کہ وہ جنگ بندی کی بحالی کی غرض سے بات چیت کیلئے تیار ہے۔ حالانکہ وہ اس اصل معاہدے پر دوبارہ بات چیت کرنے سے منع کررہا ہے جو اس سال19 جنوری کو نافذ ہواتھا۔ اس دوران امریکہ کی وزارت خارجہ نے بدھ کے روز اشارہ دیا کہ جنگ بندی میں توسیع کی گنجائش اب بھی برقرار ہے۔ تاہم اس نے خبردار کیاکہ بات چیت کا موقع تیزی کے ساتھ ختم ہورہا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمدعمار

Universe Data

یوروپ کی خلائی ایجنسی ESA نے کل شام Euclid خلائی دوربین مشن سے ڈیٹا کی پہلی کھیپ جاری کی، جو کائنات کا تھری ڈی نقشہ تیار کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے یہ دوربین 2023 میں فلوریڈا سے لانچ کی گئی تھی اور اس وقت یہ زمین سے 15لاکھ کلومیٹر کے فاصلے پر موجودہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Aishwarya

ماہرین فلکیات پراسرار تاریک مادے اور تاریک توانائی جوکائنات کے بڑے حصے پر مشتمل ہے، کا مطالعہ کرنے کیلئے تیار کردہ یوروپی خلائی دوربین سے مشاہدات کی پہلی کھیپ

جاری ہونے کے بعد اہم دریافتوں کی پیش گوئی کررہے ہیں۔ یوروپ کی خلائی ایجنسی ESA کے Euclid مشن نے 26 ملین کہکشاؤں کی تصاویر حاصل کئے ہیں، جو کائنات کی تاریخ کے دس بلین سال پرمحیط ہیں۔ 6سالہ مشن کے دوران Euclid سے ڈیڑھ ارب کہکشاؤں پر محیط آسمان کے ایک تہائی حصے کا خاکہ تیار کرنے کی توقع ہے۔ مدار میں رہتے ہوئے اس کو ڈیٹا اکٹھا کرنے کا کام سونپا گیاہے کہ کائنات وقت کے ساتھ کس طرح پھیلی اور تاریک مادے اور توانائی کی پراسرار قوتیں کیسے پیدا ہوئیں۔ Euclid سائنسدانوں کو ماضی کو دیکھنے اور کائنات کی تاریخ اور ان قوتوں کے درمیان تعامل کا پتہ لگانے کے قابل بناتاہے۔

نیوز ڈیسک سے ایشوریہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمدعمار

Waves Football

WAVES OTTپلیٹ فارم، بھارت میں Deutscher Football-Bund,DFB-Pokal سیمی فائنل اور فائنل میچوں کو براہ راست نشر کرے گا۔ پرسار بھارتی اور DFB جرمنی نے بھارت اور جرمنی کے درمیان فٹبال تعلقات کو مستحکم کرنے اور فٹبال کے مزید میچوں کو بھارت میں لانے کیلئے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

مفاہمت نامے کے تحت 17 سال سے کم عمر کے ہنرمند کھلاڑیوں کو تلاش کرنے کیلئے ایک ٹورنامنٹ بھی شروع کیا جائے گا، جس میں 20 نوجوان بھارتی کھلاڑیوں کو جرمنی میں ٹریننگ دی جائے گی۔

Swiss Open Badminton

سوئس اوپن بیڈمنٹن میں سوئٹزرلینڈ کے Basel میں آج کئی دلچسپ مقابلے ہوں گے۔ کئی بھارتی کھلاڑی پری کوارٹرفائنل میچز کھیلیں گے۔ مردوں کے سنگلز میں کدامبی سریکانت کا مقابلہ چین کے کھلاڑی LI Shifeng ہوگا۔ انہوں نے کل اپنے ہم وطن کھلاڑی ایچ ایس پرونائے کو سخت مقابلے میں شکست دی۔ پریانشو رجاوت کا مقابلہ فرانس کے کے کھلاڑی Toma Junior Popov سے ہوگا، جبکہ شنکرسبرامنیم کا مقابلہ Anders Antonsenسے ہوگا۔

خواتین کے سنگلز میں انوپما اپادھیائے کا سامنا انڈونیشیا کی کھلاڑی Putri Kusuma Wardaniسے ہوگا جبکہ ایشارانی Baruah کا مقابلہ چین کی کھلاڑی Han Qianxi سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں بھارت کی  ٹریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی جوڑی کا مقابلہ جرمنی کی جوڑی  Selin Hubschاور Amelie Lehmann سے ہوگا۔

اسی طرح مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے ستیش کروناکرن اور Aadya Variyath کی جوڑی کا مقابلہ چین کی جوڑی سے ہوگا۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمدعمار

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے سنیتا ولیمز کی زمین پر واپسی کی خبر کو سرخی بنایا ہے، روزنامہ پرتاپ، ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اخباروں نے 9 مہینے بعد سنیتا ولیمز کی زمین پر واپسی کی خبر کو پیش کرتے ہوئے لکھا ہے، ناسا اور اِسرو نے Crew-9 کی زمین پر واپسی کا خیر مقدم کیا۔

وزیراعظم نریندر مودی نے سنیتا ولیمز اور Crew-9 کے زمین پر واپس آنے پر خیر مقدم کیا اور ستائش کرتے ہوئے کہا کہ انھوں نے ایک بار پھر دکھا دیا ہے کہ ثابت قدمی کا حقیقی مطلب کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا اور ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اخباروں نے سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر   ڈاکٹر جتیندر سنگھ کا، یہ بیان نمایاں کیا ہے کہ بھارت کا 2040 تک بھارتی خلاباز کو چاند پر بھیجنے کا منصوبہ ہے۔

آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے الیکٹرونکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو کے اِس بیان کو خصوصیت دی ہے کہ حکومت آن لائن گیمنگ کے مسئلے پر سنجیدہ ہے اور  ایک ہزار 97 گیمنگ سائٹس کو بند کردیا گیا ہے۔

اسرائیل پر غزہ پر حملہ 400 سے زائد ہلاک، یہ خبر بھی تقریباً سبھی اخباروں نے اپنے پہلے صفحے پر پیش کی ہے۔

کابینہ نے ڈیری کی ترقی کے لیے دو ہزار  790 کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کو منظوری دی، روزنامہ پرتاپ کی ایک سرخی ہے۔ اسی اخبار نے صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر

جے۔پی۔نڈّا کے اِس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ صحت سیکٹر کی بہتری کے لیے مضبوط پالیسی بنائی گئی ہے۔ ساتھ ہی اخبار نے مرکزی وزیر جے پی نڈّا کی بِل گیٹس سے ملاقات کی خبر کو پیش کیا ہے۔ مارکیٹ میں مسلسل تیسرے روز بھی تیزی۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی پہلے صفحے کی ایک خبر ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 مرکزی سرکار نے مویشیوں سے متعلق شعبے میں ترقی کو فروغ دینے کی خاطر نظرِ ثانی شدہ راشٹریہ Gokulمشن کو منظوری دے دی ہے۔ ڈیری کے فروغ سے متعلق نظرِ ثانی شدہ قومی پروگرام کو بھی منظور کرلیا گیا ہے۔

2- مرکزی وزیرکرن رجیجو نے کہا ہے کہ سرکار نے اقلیتوں سمیت سبھی طبقوں کی سماجی اورمعاشی حالت کو بہتر بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔

3- ریزرو بینک کے ماہانہ جائزے میں کہا گیا ہے کہ عالمی چیلنجوں کے تناظر میں بھارتی معیشت لگاتار فروغ پا رہی ہے۔

4- یوکرین کے صدر زیلینسکی نے روس کے ساتھ لڑائی میں جزوی جنگ بندی سے اتفاق کرلیا ہے۔

5- اسرائیل نے غزہ میں اپنی فوجی کارروائی کا دائرہ بڑھا دیا ہے اور علاقے کے وسطی اور جنوبی حصوں میں زمینی حملے کیے ہیں۔

6 اور :

سوئس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں آج پری کوارٹر فائنلس میں کدامبی سری کانت اور انوپما اُپادھیائے بھارتی چیلنج کی قیادت کریں گے۔x